# ESKPXI-XXVI (I)

## اسلامیات لازمی (گیارھویں)

**کُل وقت 1 گھنٹہ 45 منٹ** | **سیکشن (ب)** | **نمبرات:24**

**سوال2۔ درج ذیل میں سے چھ (6) اجزاء کے جوابات مختصر تحریر کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر برابر ہیں۔**

i. قرآن میں شرک کو کیا کہا گیا ہے؟ شرک کی مذمت میں ایک آیت کا ترجمہ لکھیں۔ نیز ذات میں شرک کی دو صورتیں تحریر کریں۔ 1+1+1+1

ii. ایمان بالملائکہ سے کیا مراد ہے؟ نیز حضرت میکائیلؑ اور حضرت اسرافیلؑ کی ذمہ داریاں بیان کریں۔ 1+1+2

iii. نماز کے لئے قرآن میں کون سا لفظ استعمال ہوا ہے؟ انفرادی نماز کے مقابلے میں باجماعت نماز کا ثواب کتنا ہے؟ نیز نماز کے دو معاشرتی فائدے لکھیں۔ 2+1+1

iv. "وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۭ اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا" آیت کا ترجمہ اور والدین کے حقوق کے حوالے سے دو احادیث لکھیں۔ 2+2

v. "وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ" ترجمہ کرکے بتائیں کہ نبی کریم ﷺ عرب کے بد دیانت معاشرے میں کس لقب سے مشہور تھے؟ نیز آپؐ کی زندگی سے دیانت داری کی کوئی ایک مثال لکھیں۔ 1+1+2

vi. غیبت اور تہمت میں کیا فرق ہے؟ نیز غیبت کرنے والوں کو نبی کریم ﷺ نے معراج کے موقع پر کس حال میں دیکھا؟ 2+2

vii. عفو و درگزر ایک بہترین اخلاقی وصف ہے، اس کے دو فائدے اور نبی کریم ﷺ کی زندگی سے دو مثالیں لکھیں۔ 2+2

viii. قرآن کی سورتوں کو مکی اور مدنی میں کس بنیاد پر تقسیم کیا گیا ہے؟ نیز ہر ایک کی دو دو خصوصیات بیان کریں۔ 3+1

**سیکشن (ج)** | **نمبرات:16**

**نوٹ: درج ذیل میں سے صرف دو (2) سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ ہر سوال کے نمبر برابر ہیں۔**

سوال3۔ (الف) "مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ" ترجمہ کرکے بتائیں کہ عربی زبان میں لفظ "خاتم" سے کیا مراد ہے؟ نیز خلیفہ اول نے منکرینِ ختم نبوت سے کیسا سلوک کیا؟ 1+1+2

(ب) منکرینِ آخرت کے ذہنوں میں پائے جانے والے دو اعتراضات تحریر کریں اور بتائیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے شبہات کا جواب کس انداز میں دیا؟ 2+2

سوال4۔ (الف) جہاد سے کیا مراد ہے؟ نیز جہاد کی فضیلت کے حوالے سے قرآن کی ایک آیت کا ترجمہ اور دو احادیث لکھیں۔ 2+1+1

(ب) "وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ فَاِنْ كَرِهْتُمُوْهُنَّ فَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَـيْـــًٔـا وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ خَيْرًا كَثِيْرًا" ترجمہ کریں، نیز سورہ نساء کی روشنی میں نیک بیوی کے دو صفات لکھیں۔ 2+2

سوال5۔ (الف) "وَاصْبِرْ عَلٰي مَآ اَصَابَكَ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ" ترجمہ کرکے بتائیں کہ قرآن نے اس آیت میں کس کی نصیحت نقل کی ہے؟ نیز قرآن میں کس کی ہلاکت کے لئے ایک مکمل سورت نازل ہوئی؟ 1+1+2

(ب) "اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ" حدیث کا ترجمہ کرکے بتائیں کہ آج ہم اس حدیث پر کس طرح عمل کر سکتے ہیں؟ 3+1

---

## ISLAMIC EDUCATION PART-I

**Time: 1 Hour 45 Minutes** | **SECTION "B"** | **Marks: 24**

**Q.2. Give short answers to any SIX (06) questions. All questions carry equal marks.**

**i.** What is stated for "Shirk" in the Holy Quran? Translate one Ayat for the condemnation of "Shirk". Also write two forms of "Shirk" in person. 1+1+1+1

**ii.** What is meant by Faith in Angels (Emaan bil Malaika), Also explain the responsibilities of Hazrat Mekail (علیہ السلام) and Hazrat Israfeel (علیہ السلام). 1+1+2

**iii.** Which words has been used for "Nimaz" in the Holy Quran? The reward of prayer in congregation is how much greater than individual prayer. Also write two social benefits of prayer. 2+1+1

**iv.** "وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۭ اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا" Translate this Ayat and also write two Hadiths referring to the rights of parents. 2+2

**v.** "وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ" Translate this Ayat and tell that by what title was the Holy Prophet (ﷺ) popular in the dishonest society of Arabia. Moreover, write an instance of honesty from the life of Hazrat Muhammad (ﷺ). 1+1+2

**vi.** What is the difference between backbiting and slander. In what condition were backbiters seen on the occasion of "Miraj"? 2+2

**vii.** "Forgiveness is the best moral quality." Write its two advantages and give two examples from the life of the Holy Prophet (ﷺ). 2+2

**viii.** On what basis Quranic Surahs are classified into Makki and Madani? Also write two characteristics of each. (Makki and Madani). 3+1

**SECTION "C"** | **Marks: 16**

**Note: Give answers to any TWO (02) questions of the following. Each question carries equal marks.**

**Q.3.** a) "مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ" Translate and tell that what is meant by Arabic world "خاتم" "Khatim"? How did the first Caliph treated the deniers of the Finality of Prophethood? 1+1+2

b) Write two objections found in the minds of those who deny the Hereafter and tell that how did Allah Almighty answered their doubts? 2+2

**Q.4.** a) What is meant by "Jihad". Translate an Ayat (Verse) regarding the virtue of Jihad and write two Hadiths in this regard. 2+1+1

b) Translate,"وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ فَاِنْ كَرِهْتُمُوْهُنَّ فَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَـيْـــًٔـا وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ خَيْرًا كَثِيْرًا" Moreover, write two qualities of virtuous wife in the light of Sura Nisa. 2+2

**Q.5.** a) "وَاصْبِرْ عَلٰي مَآ اَصَابَكَ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ" Translate and tell that whose advice has been narrated in this Ayat of the Holy Quran. Also tell that for whose destruction a complete Sura is revealed in the Holy Quran. 1+1+2

b) "اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ". Translate this Hadith and tell that how can we act upon this Hadith today? 3+1